سوال

(487) نقشبندی سلسلہ کا تعارف

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں ایسا علم اور ایمان حاصل کرنا چاہتا ہوں جس سے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول اللہ ﷺ کی خوشنودی میسر آسکے۔ آپ مجھے نصیحت فرماتے ہیں کہ میں کون سی اسلامی کتابیں پڑھوں جن سے ایک مسلمان کی شخصیت کی صحیح تعمیر ہوسکے۔

خصاصاً اس دور میں جب کہ دین کے نام سے بہت شبہات اور غلط باتیں مشہور ہیں۔

دوسرا سوال یہ ہے کہ صوفیہ کے سلسلوں اور خصوصاً نقشبندیہ کے متعلق اسلام کا کیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

(۱) آپ قرآن مجید کی طرف توجہ دیں' اس کی کثرت سے تلاوت کریں اور زیادہ سے زیادہ غور و فکر کریں' کیونکہ یہ ہر بھلائی کی اصل ہے۔ اس کے علاوہ سنت رسول اللہ ﷺ کا مطالعہ کریں۔ عقیدہ میں ''شرح عقیدہ طحاویہ'' اور صنعانی کی کتاب ''تطہیر الاعتقاد'' امام ابن خزیمہ رحمہ اللہ کی کتاب ''التوحید'' موصلی کی کتاب ''مختصر الصواعق المرسلہ'' شیخ محمد بن عبدالوہاب کی کتاب 'کشف الشبہات'' اور 'کتاب التوحید'' ''عقیدہ واسطیہ'' اور اس کی شرح تصنیف امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ اور انہی کی کتابوں ''الحمودیہ'' اور ''التدمیریہ'' کا مطالعہ کریں۔

فقہ کی مندرجہ ذیل کتابیں پڑھیں۔ کتاب ''المہذب'' از ابو اسحاق شیرازی کتاب 'زاد المعاد'' اور کتاب 'أعلام الموقعین'' از امام ابن قیم اور ''عمدة الفقہ'' تصنیف موفق ابن قدامہ۔

حدیث کی کتابوں میں سے ''صحیح بخاری'' ''صحیح مسلم'' ''ریاض الصالحین'' ''منتقی الأخبار'' اور ''بلوغ المرام'' کا مطالعہ کریں۔

وعظ و نصیحت پر مشتمل مندرجہ ذیل کتب پڑھیں۔ کتاب ''الداء والدواء'' اس کے علاوہ ابن مفلح کی ''الآداب الشرعیة'' اور ابن قیم کی ''الوابل الصیب'' کا مطالعہ کریں۔

(۲) صوفیہ کی جماعت میں عام طور پر بدعات کی کثرت ہے۔ مثلاً صفیں یا حلقہ بنا کر اجتماعی طور پر بیک آواز ذکر کرنا اور اللہ کے کسی نام کا مل کر بیک آواز ذکر کرنا مثلاً اللہ اللہ' حی حی' یا قیوم قیوم... وغیرہ یا ضمیر غائب کے لفظ ھو (وہ) سے ذکر کرنا: ان کی نعتوں اور نظموں میں بہت سی غلط باتیں ہوتی ہیں مثلاً غیر اللہ سے فریاد کرنا' یا مُردوں مثلاً بدوی' شاذلی جیلانی وغیرہ سے مدد مانگنا۔ ان کی کتابیں بھی بہت سی بدعات و خرافات سے بھری ہوئی ہیں۔ نقشبندی سلسلہ میں جو چیز خاص طور پر پائی جاتی ہے (اور دوسرے سلسلوں میں نہیں) وہ یہ

ہے کہ روزانہ کے وظیفہ میں زبان ہلائے بغیر دل کی حرکت سے آواز سے مشابہ سانس کے ساتھ اللہ کا ذکر کرنا' مرید کا اپنے شیخ کا تصور پیش نظر رکھنا اور روزانہ اس کا وظیفہ کرنا اور یہ عقیدہ رکھنا کہ روز قیامت اس کے واسطہ سے ہی نجات ہوگی۔ یہ سب کی سب بدعتیں ہیں اور غلط کام ہیں۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی ﷺ کو وحی کے ذریعے جو کچھ بتایا ہے یعنی کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ ﷺ' اس میں ان کے کاموں میں سے کسی ایک کا بھی ثبوت نہیں ہے' البتہ صحیح سند سے جناب رسول اللہ کا یہ فرمان ثابت ہے کہ :

(مَن عَمِلَ عَملاً لَیسَ عَلَیہِ أَمرُنَا فَھُوَرَدٌّ)

''جس نے کوئی ایسا عمل کیا جس پر ہماری بات (دین) نہیں تو وہ عمل ناقابل قبول ہے۔''

اورجناب رسول اللہ ﷺ نے یہ بھی فرمایا :

(مَن أَحدَثَ فِي أَمرِنَا ھٰذَا مَا لَیسَ مِنہ فَھُوَرَدٌّ)

''جس نے ہمارے اس کام (دین) میں کوئی نئی چیز ایجاد کی جو اس میں (پہلے سے) موجود نہیں تو وہ ناقابل قبول ہے۔''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ دارالسلام

ج1

محدث فتویٰ